EUROPEAN UNION AGENCY FOR ASYLUM

MINISTERO DELL'INTERNO

اٹلی

# استقبال کے وقت آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریاں



یہ معلومات آپ کے لئے اس صورت میں ہے اگر:

- آپ بالغ ہیں (یعنی آپ کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے)
- آپ نے حکام کو بتایا ہے کہ آپ نے اٹلی میں بین الاقوامی تحفظ (جسے پناہ بھی کہا جاتا ہے) کے لئے درخواست کی ہے اور اب آپ بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار ہیں۔

آپ اس ملک میں محفوظ ہیں۔

URDU

## استقبال کیا ہے؟

جب تک حکام آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کرتے ہیں، اس دوران آپ کو جو مدد ملتی ہے، اسے استقبال کہا جاتا ہے۔ اس میں اس کتابچے میں بتائے گئے استقبال کے حقوق اور استقبال کی ذمہ داریاں شامل ہیں۔

اٹلی میں، استقبالیہ کا ذمہ دار ادارہ وزارتِ داخلہ، محکمہ برائے شہری آزادی اور امیگریشن – (پریفیکٹورا )حکومت کا علاقائی دفتر ہے۔ آپ کی پناہ گزینی کی درخواست کا جائزہ لینے کے لیے مجاز ادارہ بین الاقوامی تحفظ کی منظوری کے لیے قائم علاقائی کمیشن ہے



*اختیاری* عملہ آپ کو اس بات کی تصدیق کرنے اور دستخط کرنے کی درخواست کرے گا کا آپ کو اس کتابچے میں شامل معلومات مل گئی ہے۔ اگر کچھ واضح نہ ہو تو عملے سے پوچھیں۔ .آپ کو اپنی درخواست رجسٹر کرنے سے پہلے اضافی معلومات ملیں گی۔

ایک ترجمان ضرورت پڑنے پر آپ کی ایسی زبان میں استقبالیہ مرکز کے عملے سے بات چیت کرنے میں مدد کرے گا جسے آپ سمجھتے ہیں۔ ترجمان آپ کی کہی ہوئی بات کسی کو نہیں بتائے گا۔

**آپ کو پناہ گزینی کے طریقہ کار اور عمل کیے جانے والے قواعد کے بارے میں معلومات دیگر کتابچوں میں مل جائیں گی۔**

آپ دیگر تنظیموں سے بھی معلومات اور مفت امداد طلب کر سکتے ہیں۔ آپ کو اس کتابچے کے آخر میں ان کی ایک فہرست مل جائے گی۔

**اب آپ اٹلی میں ہیں، جو ایک +EU ملک ہے۔ +EU کے ممالک ہیں:**

- یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، اٹلی، ایسٹونیا، بلغاریہ، بیلجیم، پرتگال، پولینڈ، جرمنی، جمہوریہ آئرلینڈ، چیکیا، ڈینمارک، رومانیہ، سپین، سلواکیا، سلوینیا، سویڈن، فرانس، فن لینڈ، قبرص، کرویشیا، لکسمبرگ، لیتھوینا، لیٹویا، مالٹا، نیدرلینڈز، ہنگری، یونان، اور

- 4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لخٹنشٹائن، ناروے

## توجہ فرمائیں!

پناہ کے لئے درخواست دینے اور دیگر +EU ممالک جانے کے حوالے سے قواعد موجود ہیں۔

- اگر حکام نے آپ کو دوسری ہدایات نہ دی ہوں، تو **آپ کو اسی +EU ملک میں پناہ کے لئے اپلائی کرنے اور اپنی درخواست رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے جہاں آپ سب سے پہلے آئے تھے۔**

- **آپ کے پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری صرف ایک ہی +EU ملک کی ہے۔** اٹلی کے حکام ایک طریقہ کار کے تحت فیصلہ کریں گے کہ آپ کی پناہ کے درخواست کے لئے کونسا +EU ملک ذمہ دار ہے۔

- **آپ کو اٹلی میں رہنا ہوگا۔ آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے +EU ملک نہیں جا سکتے۔** چھوڑ کر جانے کی صورت میں منفی نتائج سامنے آئیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ اٹلی میں آپ کا پناہ کا عمل روک دیا جائے۔ ہو سکتا ہے کہ دوسرے ملک میں بلا رکاوٹ گھومنے پھرنے کی آزادی پر پابندی لگ جائے اور استقبال کی کچھ سہولیات کو ختم کر دیا جائے۔

## آپ کو کیا ملے گا؟

جبکہ حکام آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کا جائزہ لے رہے ہیں، آپ کی ذاتی اور مالی صورتحال کے پیشِ نظر، آپ کو درج ذیل چیزیں ملیں گی:



- رہائش



- ذاتی صحت و صفائی کا سامان



- کھانا



- کپڑے





- روزمرہ کے خرچ کے لئے پیسے

پریفیکٹورا (علاقائی دفتری انتظامیہ )آپ کی ذاتی اور مالی صورتحال کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے آپ سے کچھ سوالات پوچھ سکتی ہے۔

آپ صرف حکام کی طرف سے طے شدہ جگہ پر ہی امداد اور خدمات حاصل کر سکیں گے۔

## صحت کی دیکھ بھال کا حق



حکام یقینی بنائیں گے کہ آپ کو **ضروری صحت کی دیکھ بھال** مل رہی ہے۔

آپ ڈاکٹر یا نرس کے ساتھ طبی معائنہ کروانا چاہیں گے۔ وہ آپ کی صحت کی حالت چیک کریں گے اور آپ کی مدد کریں گے۔

## عملے کو مطلع کریں اگر:



- آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے، اور آپ اکیلے یا خاندان کے دوسرے افراد کے ساتھ، اپنے والدین کے بغیر آئے تھے
- آپ بیمار ہیں یا آپ کو چوٹ لگی ہے
- آپ حاملہ ہیں یا آپ کے حاملہ ہونے کا امکان ہے
- آپ کے گھر والوں کو مخصوص معاونت کی ضرورت ہے
- آپ کسی معذوری سے دوچار ہیں
- آپ ہر وقت اداسی یا پریشانی کا شکار ہوتے ہیں، آپ کو نیند نہیں آتی، یا آپ کو منفی خیالات آتے ہیں
- آپ کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے
- آپ غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں یا ماضی میں غیر محفوظ محسوس کرتے تھے، یا آپ کو کسی سے ڈر لگ رہا ہے
- آپ کسی دوسرے حالات سے گزر رہے ہیں جن کی وجہ سے آپ کو معاونت کی ضرورت ہے۔

**آپ عملے پر بھروسہ کر سکتے ہیں اور ان سے کھل کر بات کر سکتے ہیں تاکہ وہ آپ کی مدد کر سکیں۔** تمام معلومات کو رازدار رکھا جائے گا، یعنی اسے آپ کی رضامندی کے بغیر کسی کو بھی بتایا نہیں جائے گا۔

ایسا صرف اسی صورت میں نہیں ہوگا جب آپ کی یا کسی اور کی جان کو خطرہ ہو۔

## بچوں کے لئے تعلیم کا حق



18 سال سے کم عمر کے تمام بچے، چاہے وہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں، تعلیم حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

## کام کرنے اور کورسز لینے کا حق







آپ کی صورتحال کے پیشِ نظر، آپ کو مخصوص شرائط کے تحت اٹلی میں کام کرنے کا حق حاصل ہو سکتا ہے۔
عملہ آپ کو واضح کرے گا کہ آپ کن شرائط کے تحت کام کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

وہ آپ کو یہ بھی بتائیں گے کہ آپ کون سے کورسز کر سکتے ہیں

## آپ کہاں ٹھہریں گے؟



استقبالیہ کے ذمہ دار حکام، یعنی وزارتِ داخلہ کا محکمہ برائے شہری آزادی اور امیگریشن اور پریفیکٹورا (علاقائی دفتری انتظامیہ )یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کس رہائشی مرکز میں قیام کریں گے۔ آپ کی صورتحال کے پیشِ نظر، آپ اٹلی میں آزادانہ طور پر نقل و حرکت کر سکتے ہیں
آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام ہونے کے دوران، آپ جہاں رہیں گے، اس کا فیصلہ کئی باتوں کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔



## توجه فرمائیں!

حکام یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ کو **کسی مخصوص جگہ پر رہنے کی ضرورت ہے** اور آپ کی موجودگی پر باقاعدگی کے ساتھ نظر رکھی جائے گی۔

آپ کو اس مخصوص جگہ سے باہر جانے کی اجازت دی جائے گی، لیکن اس پر کچھ پابندیاں عائد ہوں گی۔ اس مخصوص جگہ پر باقاعدگی کے ساتھ آپ کی موجودگی چیک کی جائے گی۔

**آپ جہاں بھی ٹھہرے ہوں، آپ کو یہ حقوق حاصل ہیں:**



- **محفوظ رہنے کا حق:** کسی کے پاس بھی، جس میں عملہ بھی شامل ہے، آپ کو دھمکانے، آپ کی توہین کرنے، یا آپ کو نقصان پہنچانے کا حق نہیں ہے



- **اپنے شوہر، اپنی بیوی، 18 سال سے کم بچوں یا بہن بھائیوں، یا روزانہ دیکھ بھال کی ضرورت رکھنے والے کسی بالغ رشتہ دار کے ساتھ رہنے کا حق**
- آپ اگر بالغ ہیں اور آپ کو روزانہ دیکھ بھال کی ضرورت ہے تو **اپنے رشتہ داروں کے ساتھ رہنے کا حق**



- **اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آپ کے گھر والے کہاں ہیں تو ان سے رابطہ کرنے** اور انہیں **ڈھونڈنے کی کوشش کرنے میں مدد حاصل کریں۔**

## کسی درخواست گزار کو کن حالات میں تحویل میں لیا جا سکتا ہے



تحویل میں لینے کا مطلب ہے کہ آپ کو ایک مخصوص جگہ پر رکھا گیا ہے اور آپ اپنی آزادی سے یہاں سے نہیں نکل سکتے۔ آپ کو تحویل میں لینے کے لئے حکام کے پاس ٹھوس وجہ ہونی چاہیے۔ انہیں یقین ہونا چاہیے کہ کوئی دوسرا راستہ موجود نہیں ہے۔ حکام فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کے ذاتی حالات پر غور کریں گے۔

تحویل کی وجوہات، مثال کے طور پر، یہ ہو سکتی ہیں:

- تحویل کے بغیر آپ کی پناہ کی درخواست کے کچھ اہم حصوں (جیسے کہ آپ کی شناخت) کی تصدیق نہیں کی جا سکتی
- آپ نے ایک مخصوص جگہ پر رہنے کی ضرورت کا احترام نہیں کیا، اور اس بات کا خطرہ موجود ہے کہ آپ دوبارہ فرار ہو جائیں گے اور حکام آپ سے رابطہ نہیں کر پائیں گے
- آپ کو آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ دار EU+ ملک لے جانے کا فیصلہ مل گیا ہے، اور وہاں جانے سے پہلے آپ کے بھاگنے کا خطرہ موجود ہے
- آپ کی وجہ سے سلامتی کو خطرہ ہے۔



تحویل میں لئے جانے کی صورت میں آپ فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں۔ آپ مفت قانونی مدد اور نمائندگی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## اس مرحلے میں استقبال پر آپ کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟

**نیچے کچھ ذمہ داریاں تحریر کی گئی ہیں جنہیں آپ کو پورا کرنے کی ضرورت ہے۔**



- اس ملک کے قوانین کی پابندی کریں۔
- اٹلی میں رہیں اور حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسری +EU ملک نہ جائیں۔
- آپ کو حکام نے جہاں ٹھہرنے کے لئے کہا ہے، وہاں سے اجازت کے بغیر کہیں نہ جائیں۔
- آپ جہاں ٹھہرے ہیں، وہاں کے قواعد کا احترام کریں۔
- حکام کو اپنے رابطے کی معلومات کے بارے میں بتائیں۔

## اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟

حکام آپ کے حالات کا جائزہ لیں گے اور آپ کو اقدام کے بارے میں بتائیں گے۔


**آپ کو ملنے والی معاونت میں اس صورت میں کمی ہو سکتی ہے** مثال کے طور پر اگر حکام نے فیصلہ کیا تھا کہ آپ کو کسی جگہ پر رہنا چاہیے، لیکن آپ اس جگہ سے بغیر اجازت چلے گئے تھے، یا اگر نے پہلے ہی کسی +EU ملک میں پناہ کے لئے اپلائی کیا تھا، لیکن آپ وہاں سے چلے گئے تھے۔

**آپ کو ملنے والی معاونت اس صورت میں ختم ہو سکتی ہے اگر** آپ دوسروں پر تشدد کریں یا انہیں دھمکیاں دیں، یا اگر آپ بار بار اور سنگین طریقے سے اپنی رہائش کے قواعد کی خلاف ورزی کریں۔





## اگر آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے +EU ملک جاتے ہیں تو کیا ہوگا؟




**اٹلی میں:**
- ہو سکتا ہے کہ آپ کے پناہ کے عمل کو روک دیا جائے۔

**اس +EU ملک میں جہاں آپ بغیر اجازت گئے تھے:**
- ہو سکتا ہے کہ حکام آپ کو اسی ملک واپس بھیجنے کا فیصلہ کریں جہاں سے آپ بغیر اجازت نکلے تھے۔

حکام کی طرف سے واپس بھیجے جانے کے متعلق فیصلہ ملتے ہی، آپ کے کچھ حقوق ختم ہو جائیں گے، جیسے کہ:
- آپ کو **کوئی قسم کی معاونتیں نہیں ملیں گی**
- آپ کو **کام کرنے اور کورسز لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔**

## آپ حکام کے فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں اور آپ کو قانونی مدد مل سکتی ہے

اگر حکام بطور درخواست گزار آپ کے حقوق کم کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں اور آپ سمجھتے ہیں کہ فیصلہ غلط ہے، تو آپ **فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں۔**

آپ کو اپنے حالات کے لحاظ سے مفت قانونی مدد اور نمائندگی مل سکتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک قانونی مشیر یا وکیل آپ کی مدد کریں گے۔

آپ کسی بھی وقت حکام، غیرحکومتی اداروں یا UNHCR سے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جس میں دستیاب مفت قانونی مدد اور نمائندگی کی معلومات شامل ہیں۔

MINISTERO DELL'INTERNO

euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار فریقِ ثالث کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025